# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

## شعبہ فقہ و اسلامی قانون

کورس: مطالعہ متون فقہ (از ہدایہ: کتاب النکاح والطلاق) (4632) سمسٹر: بہار، 2013ء

کریڈٹ آورز: 03

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

## راہنما اصول برائے مشقی کام

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مطالعہ متون فقہ (از ہدایہ: کتاب النکاح والطلاق) کے کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات کو ذہن میں رکھیں۔

1- فقہ سمجھ بوجھ کا نام ہے اس لیے آپ اس کو رٹنے کی بجائے سمجھیں اور پھر مشقی سوال کریں۔ اگر کہیں کوئی مشکل پیش آئے تو اپنے Tutor سے راہنمائی لیں۔

2- تمام ضروری مواد اگرچہ آپ کی کتاب میں موجود ہے تاہم موضوع سے متعلق آپ مزید کتابوں کا مطالعہ کریں۔

3- مشقی سوالات کے جوابات کے لیے کتاب میں موجود مواد کو نقل کر دینا کافی نہ ہوگا بلکہ ضروری ہے کہ جوابات آپ اپنے الفاظ میں نقل کریں اور آپ کے جواب سے یہ ظاہر ہونا چاہیے کہ آپ سوال کو سمجھ کر حل کر رہے ہیں۔

4- ہر سوال کا جواب اتنا ہی دیں جتنا دریافت کیا گیا ہے۔ ہر سوال میں موجود اجزاء کو سمجھیں اور ہر جز کے مطابق جواب دیں۔

5- مشقی کام کے حل کے دوران مناسب پیراگراف اور Head lines بنائیں، جس جگہ ضروری ہو وہاں قرآن کریم کی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کا حوالہ دیں۔

6- ہر مشق کی ایک فوٹو کاپی اپنے پاس محفوظ کر لیں تا کہ ڈاک میں ضائع ہونے کی صورت میں آپ کے پاس ریکارڈ موجود ہو۔

☆ مزید معلومات اور راہنمائی کے لیے ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

والسلام

ڈاکٹر حافظ غلام یوسف
کورس رابطہ کار
ایسوسی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، شعبہ فقہ و اسلامی قانون
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
## شعبہ فقہ واسلامی قانون

کورس: مطالعہ متون فقہ (از ہدایہ: کتاب النکاح والطلاق) (4632)　　　　سمسٹر: بہار، 2013ء

کریڈٹ آورز: 03

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

## بستہ برائے طلباء

عزیز طلبہ! السلام علیکم

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ☆ | مطالعاتی راہنما | ایک عدد |
| ☆ | امتحانی مشقیں | دو عدد |
| ☆ | فارم برائے امتحانی مشقیں | 06عدد |
| ☆ | اوقات نامہ مشقی کام | ایک عدد |

نوٹ:

بستہ میں متذکرہ بالا کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع، شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

والسلام
ڈاکٹر حافظ غلام یوسف
کورس رابطہ کار

ایسوسی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، شعبہ فقہ واسلامی قانون
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
شعبہ فقہ واسلامی قانون

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری" **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ متون فقہ (از ہدایہ: کتاب النکاح والطلاق) (4632) | سمسٹر: بہار، 2013ء

کریڈٹ آورز: 03 | سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 | (یونٹ: 1تا5) | کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر1۔ الہدایہ کی روشنی میں مہر کی تعریف، اقسام اور احکام تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مجوسیوں، اہل کتاب اور مرتدین کے نکاح کے مسائل تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ الہدایہ کی روشنی میں بیویوں کے مابین تقسیم کے احکام تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بیوی کو طلاق دینے کا حق دینے اور مریض کی طلاق کے احکام سے کیا مراد ہے؟ الہدایہ کی روشنی میں تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ الہدایہ کی روشنی میں رجوع کے احکام پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 | (یونٹ: 6تا9) | کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر1۔ الہدایہ کی روشنی میں ایلاء اور خلع کی تعریف، اقسام اور تفصیلی احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ الہدایہ کی روشنی میں لعان کی تعریف، اقسام اور تفصیلی احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ درج ذیل پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (10+10)

(1) حداد کی تعریف اور احکام (2) عدت کے دوران پیدا ہونے والے بچے کے احکام

سوال نمبر4۔ الہدایہ کی روشنی میں ثبوت نسب کے تفصیلی احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ الہدایہ کی روشنی میں ماں، باپ، بیوی اور نابالغ اولاد کے نان ونفقہ کے احکام تحریر کریں۔ (20)